# Manual

## For School Based Assessment

## کتابچہ برائے سکول بیسڈ اسیسمنٹ 2024

جماعت اول تا ہشتم











پنجاب ایگزامینیشن کمیشن وحدت کالونی روڈ لاہور

# Manual for School Based Assessment 2024


| | | | |
|---|---|---|---|
| 3 | پیش لفظ | | |
| 4 | Acronyms | | |
| 5 | اسیسمنٹ پالیسی فریم ورک(Assessment Policy Framework)کا تعارف | | باب نمبر1 |
| 5 | سکول بیسڈ اسیسمنٹ(School Based Assessment) | 1 | |
| 5 | تشکیلی اسیسمنٹ(Formative Assessment) | 1.1 | |
| 7 | تکمیلی اسیسمنٹ(Summative Assessment) | 1.2 | |
| 7 | لارج سکیل اسیسمنٹ(Large Scale Assessment) | 2 | |
| 8 | سکول بیسڈ اسیسمنٹ 2024(School Based Assessment)کا طریقہ کار اور مقاصد | | باب نمبر2 |
| 11 | سکول بیسڈ اسیسمنٹ(SBA)کے پرچہ جات آن لائن جنریٹ(Generate)کرنے کا طریقہ | | باب نمبر3 |
| 11 | سکول ہیڈ کا اکاؤنٹ(Account of School Head) | 3.1 | |
| 13 | آٹو پیپر جنریشن(Auto Paper Generation) | 3.2 | |
| 14 | ڈسٹرکٹ فوکل پرسن کا اکاؤنٹ(Account of District Focal Person) | 3.3 | |
| 14 | یوزر مینجمنٹ(User Management) | 3.3.1 | |
| 14 | کمیونیکیشن(Communication) | 3.3.2 | |
| 16 | سکول مینجمنٹ(School Management) | 3.3.3 | |
| 16 | سکول لسٹ(School List) | 3.3.4 | |
| 17 | نیا سکول ایڈ(Add)کرنے کا طریقہ کار | 3.3.5 | |
| 17 | سکولز رپورٹ(Schools' Report) | 3.3.6 | |
| 18 | اداروں کا کردار اور ذمہ داریاں | | باب نمبر4 |
| 21 | اسیسمنٹ کے انعقاد کے دوران نگران عملہ کے لیے ہدایات | | باب نمبر5 |
| 23 | مارکنگ(Marking)کا طریقہ کار | | باب نمبر6 |
| 24 | رپورٹ کارڈ(Report Card)کو پر کرنے کے لیے ہدایات | | باب نمبر7 |
| 28 | پرائیویٹ تعلیمی اداروں اور پرائیویٹ طلبہ کی شمولیت کا طریقہ | | باب نمبر8 |
| 30 | سکول بیسڈ اسیسمنٹ(SBA)کے لیے سرگرمیاں | | باب نمبر9 |
| 30 | SBA کے لیے سرگرمیوں کا شیڈول | | |
| 30 | آئٹم بنک(Item Bank)کی تیاری کے مراحل اور طریقہ کار | | |
| 32 | ضمیمہ جات | | |
| 37 | کنٹرول روم | | |

## پیش لفظ

ہر ملک و قوم اقوام عالم کے شانہ بشانہ اسی وقت ہی چل سکتی ہے، جب اُس کے افراد معیاری زیور تعلیم سے آراستہ ہوں۔ تعلیم افراد کے معیار زندگی کو بلند کر کے ان کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتی ہے۔ پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (PEC) سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ (SED) حکومت پنجاب کا ایک خود مختار ادارہ ہے، جس کا بنیادی مقصد جماعت اول تا ہشتم کے طلبہ کے تعلیمی حاصلات (SLOs) کا جائزہ لینے کے لیے اسیسمنٹ کا منظم و مربوط نظام مروج کرنا اور اس کی بنیاد پر تعلیم میں بہتری کے لیے سفارشات مرتب کر کے پالیسی ساز اداروں کو آگاہ کرنا ہے۔

امسال 2024 میں کلاس اول تا ہشتم کی اسیسمنٹ، حکومت پنجاب کے جاری کردہ اسیسمنٹ پالیسی فریم ورک (APF) کے تحت سکول بیسڈ اسیسمنٹ (SBA) کے مطابق ہو گی۔ اس طریقہ کار میں PEC پرچہ جات آئٹم بنک کی شکل میں مہیا کرے گا اور اس ضمن میں کیسے جانے والے نمایاں اقدامات میں اسیسمنٹ کا انعقاد کرنے والے منتظمین و اساتذہ کی تربیت، معیاری پرچہ جات کی تیاری، اسیسمنٹ کو منعقد کرنے، پیپر مارکنگ کا معیاری طریقہ کار اور رپورٹ کارڈ کی تیاری شامل ہیں۔

یہ کتابچہ (Manual) آپ کو اسیسمنٹ کے انعقاد کے معیاری طریقہ کار پر عمل کرنے کے لیے ہر مرحلہ پر رہنمائی فراہم کرے گا۔ پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (PEC) سال 24-2023 کے لیے ششماہی، نوماہی اور سالانہ اسیسمنٹ کے لیے آئٹم بنک کی فراہمی ممکن بنائے گا۔ آپ سے گزارش ہے کہ اس کتابچہ (Manual) کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنی آرا پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (PEC) کو ارسال کریں۔

ہم ہمیشہ آپ کے تعاون کے متمنی رہیں گے۔

طارق اقبال
چیف ایگزیکٹو آفیسر
پنجاب ایگزامینیشن کمیشن وحدت کالونی لاہور

**Acronyms/Abbreviations**

| | |
|---|---|
| AEO | Assistant Education Officer |
| APF | Assessment Policy Framework |
| CEO | Chief Executive Officer |
| CRQ | Constructed Response Question |
| DEA | District Education Authority |
| Dy.DEO | Deputy District Education Officer |
| FA | Formative Assessment |
| LSA | Large Scale Assessment |
| MCQ | Multiple Choice Question |
| PCTB | Punjab Curriculum and Textbook Board |
| PEC | Punjab Examination Commission |
| PEF | Punjab Education Foundation |
| PEIMA | Punjab Education Initiatives Management Authority |
| PMIU | Programme Monitoring and Implementation Unit |
| PTM | Parents Teacher Meeting |
| QAED | Quaid-e-Azam Academy for Educational Development |
| SBA | School Based Assessment |
| SED | School Education Department |
| SLO | Student Learning Outcome |
| SNC | Single National Curriculum |

# باب نمبر 1

## اسیسمنٹ پالیسی فریم ورک کا تعارف:

اسیسمنٹ پالیسی فریم ورک، گورنمنٹ آف پنجاب (Government Of Punjab) کا ایسا مستحسن قدم ہے، جس کے تحت اسیسمنٹ کے نظام کو پورے پنجاب میں ایلیمنٹری سطح پر بین الاقوامی معیار کے مطابق لاگو کیا جارہا ہے۔ ایلیمنٹری سطح پر اسیسمنٹ کی موجودہ صورت سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، گورنمنٹ آف پنجاب کے نوٹیفیکیشن نمبر SO(ER-I) 1-19/2018 بتاریخ 03-02-2020 کے تحت پنجاب میں نافذ العمل ہوئی۔ اسیسمنٹ پالیسی فریم ورک سابقہ امتحانی پالیسی کی جگہ لیتے ہوئے صوبہ پنجاب میں ایلیمنٹری سطح کے ابتدائی امتحانات کا احاطہ کرتی ہے۔ اس میں پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (Punjab Examination Commission) کی طرف سے منعقد ہونے والے جماعت پنجم اور ہشتم کے سابقہ سالانہ امتحانات کو جماعت اول تا ہشتم سکول بیسڈ اسیسمنٹ (School Based Assessment) کے طریقہ کار میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔

سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ (School Education Department) اس پالیسی کی مجموعی سرپرستی کرے گا۔ اسیسمنٹ پالیسی فریم ورک کے تحت اب سے پنجاب بھر میں اسیسمنٹ کا انتظام مربوط اور یکساں انداز میں کیا جائے گا۔ اس کا مقصد طلبا کے تعلیمی معیار کا جائزہ لیتے ہوئے درس و تدریس کے عمل میں بہتری لانا ہے۔ اسیسمنٹ پالیسی فریم ورک کے تحت صوبے میں اسیسمنٹ کے درج ذیل طریقہ ہائے کار اختیار کیے جائیں گے:

1۔ سکول بیسڈ اسیسمنٹ (School Based Assessment)

1.1۔ تشکیلی اسیسمنٹ (Formative Assessment)

1.2۔ تکمیلی اسیسمنٹ (Summative Assessment)

2۔ لارج سکیل اسیسمنٹ (Large Scale Assessment)

## 1۔ سکول بیسڈ اسیسمنٹ (School Based Assessment)

سکول کی سطح پر طلبہ کی اسیسمنٹ کے لیے ایک جامع طریقہ کار مرتب کیا گیا ہے، جو سکول بیسڈ اسیسمنٹ (School Based Assessment) کہلاتا ہے۔ یہ طریقہ طلبہ کے سیکھنے کے عمل اور ان کی اسیسمنٹ میں اساتذہ اور سکول ہیڈ (School Head) کی شمولیت کو یقینی بناتا ہے۔ اس اسیسمنٹ کا انعقاد سکول کی سطح پر کروایا جائے گا۔ پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (Punjab Examination Commission) نے سکول بیسڈ اسیسمنٹ (School Based Assessment) کو اسیسمنٹ پالیسی فریم ورک (Assessment Policy Framework) کے تحت ایک تعلیمی سال کے دوران تین مدات (Terms) میں تقسیم کیا ہے۔ اس سے اساتذہ کو طلبہ کے سیکھنے کے مختلف شعبوں کا جائزہ لینے اور ان کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ سکول بیسڈ اسیسمنٹ (School Based Assessment) میں دو مختلف طرز کی اسیسمنٹ شامل ہیں:

## 1.1۔ تشکیلی / دوران تدریس اسیسمنٹ (Formative Assessment)

تشکیلی اسیسمنٹ تعلیم کے عمل میں ایک مرکزی تشخیصی اہمیت کی حامل ہے۔ یہ کمرا جماعت میں اساتذہ کی مدد کرتی ہے، تاکہ اساتذہ طلبہ کی تفہیمی سرگرمیوں کا جائزہ بطریق احسن لے سکیں۔ اساتذہ دوران تدریس مختلف طریقوں سے طلبہ کی اسیسمنٹ کرتے ہیں، تاکہ پڑھائے گئے تصورات کی سمجھ بوجھ کا جائزہ لیا جاسکے۔ ان میں زبانی سوالات، مختصر ٹیسٹ، گروپ ورک، ہوم اسائنمنٹس، ہوم ورک اور بین الجماعتی مشاہدہ شامل ہے۔ تشکیلی اسیسمنٹ میں مرحلہ وار منصوبے کی نشان دہی کی جاتی ہے، جس میں تعلیمی جائزے سے متعلق سرگرمیوں کا ایک تسلسل ہوتا ہے۔ اس ضمن میں پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (PEC) دیگر اداروں (SED, PCTB, QAED, PEF, PMIU, PEIMA) کے ساتھ مل کر ایک منظم و مربوط لائحۂ عمل مرتب کرچکا ہے، جس کو مرحلہ وار پنجاب کے تمام سکولوں میں لاگو کیا جائے گا۔

### تشکیلی اسیسمنٹ کے مقاصد

- اساتذہ کرام طالب علم کی پہلے سے موجود تعلیمی قابلیت (جو کہ موجودہ مضمون یا سبق سے مطابقت رکھتی ہے) جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔
- روزمرہ سبق میں طالب علم کو شامل کرتا ہے۔
- استاد عام زندگی اور ارد گرد کی مثالوں سے طالب علم کو سکھاتا ہے۔
- سبق کی منصوبہ سازی میں مدد کرتا ہے تاکہ بچوں کو نصاب کے ذریعے علمی ترقی میں اضافے کے لیے مدد دی جاسکے۔
- جماعت میں آزاد سیکھنے والے طلبہ کو تیار کرنا ہے۔ تاکہ یہ اپنی خوبیوں اور خامیوں کی شناخت کر سکیں۔

### 1.2۔ تکمیلی / تدریس کے بعد اسیسمنٹ(Summative Assessment)

تکمیلی اسیسمنٹ سال کے اختتام پر لی جاتی ہے۔ یہ سکول بیسڈ اسیسمنٹ(School Based Assessment) پر ہی مشتمل ہے۔ اور ششماہی، نوماہی اور سالانہ امتحانات کی طرز پر سکول بیسڈ اسیسمنٹ(School Based Assessment) کی شکل میں لی جائے گی۔ یہ اسیسمنٹ، اساتذہ ایک مخصوص مدت یا دورانیہ کے اختتام پر کرتے ہیں، تا کہ یہ دیکھا جا سکے کہ وہ اپنے تدریسی مقاصد کے حصول میں کس حد تک کامیاب رہے ہیں۔ علاوہ ازیں اس میں اساتذہ طلبہ کی کارکردگی کے بارے میں طلبہ اور ان کے والدین کو آگاہ کرتے ہیں اور تعلیمی عمل میں بہتری لانے میں مشاورت کی جاتی ہے

## 2۔ لارج سکیل اسیسمنٹ(Large Scale Assessment)

لارج سکیل اسیسمنٹ(Large Scale Assessment) میں پنجاب بھر سے کچھ سکول نمونے (sample schools) کے طور پر اسیسمنٹ کے لیے منتخب کیے جاتے ہیں۔ اس کے بعد جماعت جس کا انتخاب پہلے سے کیا جاتا ہے اس سے طلبہ کی ایک مخصوص تعداد کو اسیس(Assess) کیا جاتا ہے۔ پنجاب کے تمام اضلاع میں سے منتخب سکولز / تعلیمی اداروں کے طلبہ کی اسیسمنٹ کی جاتی ہے۔

لارج سکیل اسیسمنٹ(Large Scale Assessment) سے حاصل کردہ نتائج سکول، طلبہ اور والدین کے لیے کم اہمیت کے حامل ہوتے ہیں لیکن یہ نظام تعلیم، سکول ایجوکیشن اور اس سے منسلک اداروں نیز انکی پالیسی کے لیے اہمیت کے حامل ہیں۔ ان حاصل کردہ نتائج کی بنیاد پر درس و تدریس کے عمل میں بہتری لانے کے لیے اقدامات تجویز کیے جاتے ہیں۔

# باب نمبر 2

## سکول بیسڈ اسیسمنٹ 2024(SBA)کا طریقہ کار اور مقاصد:

سکول بیسڈ اسیسمنٹ(School Based Assessment) کے لیے پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (Punjab Examination Commission) قومی نصاب (National Curriculum) میں موجود طلبہ کے حاصلات تعلم (Student Learning Outcomes) کی بنیاد پر تیار کردہ سوالات کا آئٹم بنک (Item Bank) مہیا کرے گا۔ یہ سوالات اساتذہ اور اسیسمنٹ میں مہارت رکھنے والے افراد کی زیر نگرانی تیار کیے گئے ہیں۔ اس آئٹم بنک (Item Bank) کو استعمال کرتے ہوئے سکولز اپنے پرچے خود بنائیں گے اور اسیسمنٹ کا انعقاد کریں گے۔ سال 24-2023 میں طلبہ کو مکمل نصاب پڑھایا جائے گا اور اسیسمنٹ بھی تعین کردہ مکمل نصاب کے مطابق یقینی بنائی جائے گی۔ اسیسمنٹ کا یہ طریقہ کار پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (Punjab Examination Commission) کے نوٹیفکیشن نمبر 749 بتاریخ 2023-08-10 کے تحت پورے پنجاب میں نافذ العمل ہوا۔ اس میں یہ فیصلہ ہوا کہ اس سال سے سکول بیسڈ اسیسمنٹ (SBA) ٹرم وائز (Term wise) ہو گی۔

پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (Punjab Examination Commission) جماعت اول تا ہشتم کے تمام بنیادی مضامین (انگلش، اردو، اسلامیات (ناظرہ و ترجمہ قرآن پاک) / اخلاقیات، GK / سائنس، ریاضی، معاشرتی علوم / تاریخ و جغرافیہ، کمپیوٹر) کے کثیر الانتخابی سوالات (Multiple Choice Questions) اور موضوعی (Constructed Response Questions) دونوں قسم کے سوالات فراہم کرے گا۔ اس کے لیے تعلیمی نصاب کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ تعلیمی نصاب کا پہلا حصہ ششماہی اسیسمنٹ (First Term Assessment)، تعلیمی نصاب کا دوسرا حصہ نوماہی اسیسمنٹ (Second Term Assessment) جبکہ مکمل تعلیمی نصاب سالانہ اسیسمنٹ (Final Term Assessment) کا حصہ ہو گا۔ سالانہ اسیسمنٹ (Final Term Assessment) میں ششماہی اسیسمنٹ (First Term Assessment) اور نوماہی اسیسمنٹ (Second Term Assessment) دونوں کا تعلیمی نصاب شامل ہو گا۔ سالانہ اسیسمنٹ کے لیے پرچہ جات اور آئٹم بنک (Item Bank) مقررہ تاریخ کو ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیے جائیں گے۔ ان کی مدد سے پنجاب بھر کے اساتذہ اپنے سکولز میں پرچہ جات تیار کر کے طلبہ کی اسیسمنٹ کریں گے۔

پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (Punjab Examination Commission) کی طرف سے پرچہ جات بنانے کے لیے جملہ ہدایات سکولز کو فراہم کی جا رہی ہیں۔ ہیڈ ٹیچر (Head Teacher)، آئی ٹی ٹیچر (IT Teacher)، اے ای اوز (AEOs) اور متعلقہ اساتذہ کی مدد سے آن لائن پرچہ جات جنریٹ (Generate) کروائے گا اور انھیں اپنی نگرانی میں رکھوا کر سکول کی ڈیٹ شیٹ کے مطابق انچارج اسیسمنٹ کے سپرد کرے گا۔ مارکنگ کے لیے (keys and Rubrics) پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (Punjab Examination Commission) کی طرف سے پرچہ جات کے ساتھ ہی جنریٹ (Generate) ہو جائیں گی۔

## سکول بیسڈ اسیسمنٹ 24-2023 (SBA) کے اہم نکات:

i. اس سال سکول بیسڈ اسیسمنٹ (SBA) ٹرم وائز (Term wise) جماعت اول تا ہشتم ہو گی۔ جماعت اول اور جماعت دوئم کی اسیسمنٹ زبانی ہو گی اور آخری ٹرم تمام نصاب پر مشتمل ہو گی۔

ii. سکول بیسڈ اسیسمنٹ (School Based Assessment) کا انعقاد پورے تعلیمی سال کے دوران تین ٹرمز میں کیا جائے گا جس کی رازداری اور پروٹوکول کی پوری ذمہ داری سکول ہیڈ کی ہو گی۔

iii. پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (Punjab Examination Commission) جماعت اول تا ہشتم کے تمام بنیادی مضامین کے پیپرز اور آئٹم بنک مقررہ تاریخ کو ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرے گا۔

iv. سکول بیسڈ اسیسمنٹ (School Based Assessment) کے انعقاد کے لیے سکول دیگر مضامین کے پرچوں کو پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (Punjab Examination Commission) کے پیپرز اور آئٹم بنک (Item Bank) کی طرز پر خود تیار کرے گا۔

v. اساتذہ، اسیسمنٹ کے مطابق رپورٹ کارڈ تیار کریں گے اور والدین سے تعلیمی مشاورت کے بعد طلبہ کو جاری کریں گے۔

## سکول بیسڈ اسیسمنٹ (SBA) کے مقاصد:

i. پنجاب کے طلبہ کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانا۔

ii. سکول انتظامیہ اور اساتذہ کو طلبہ کی اسیسمنٹ کے لیے معیاری آئٹم بنک فراہم کرنا۔

iii. سال میں تین مرتبہ طلبہ کی سیکھنے کی استعداد کا جائزہ لینا۔

iv. طلبہ کو تعلیمی نصاب مکمل کروانا اور تعلیمی کیلنڈر پر عمل کروانا۔

v. طلبہ کے پرچوں کو روبرکس کے مطابق مارک کروانا، تاکہ معیار کی یکساں اسیسمنٹ کے انعقاد کو یقینی بنایا جا سکے۔

vi. ٹرم وائز سکول بیسڈ اسیسمنٹ کے ذریعے سال میں تین بار والدین کو بچوں کی تعلیمی کارکردگی کے بارے میں آگاہ کرنا اور طلبہ کے تعلیمی مسائل کو سمجھنا۔

vii. سکول کے اسیسمنٹ کے نظام کو مربوط اور منظم کرنا۔

viii. اساتذہ کو جائزے کے جدید طریقہ ہائے کار کو استعمال میں لانے کے قابل بنانا اور ان کی پیشہ وارانہ مہارتوں کو بڑھانا (Capacity Building)۔

ix. پنجاب کے تمام طلبہ کی یکساں معیار پر اسیسمنٹ کرنا۔

x. اسیسمنٹ کے جدید طریقوں کے ذریعے طلبہ کی تفہیمی اور تخلیقی صلاحیتوں کو بڑھانا۔


xi. طلبہ کی جماعت میں سیکھنے کی صلاحیت کو بہتر بنانا۔

xii. طلبہ کی مرحلہ وار ہمہ پہلو نشو ونما کا جائزہ لینا۔

xiii. طلبہ کو مستقبل کے امتحانات کے لیے تیار کرنا۔

xiv. سکول بیسڈ اسیسمنٹ کا مقصد طلبہ، ضلعی انتظامیہ، اساتذہ اور سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں ہم آہنگی پیدا کرنا۔ انھیں اساتذہ کی کاوشوں سے آگاہ کرنا، طلبہ کی استعداد سے آگاہ کرنا، تاکہ تعلیم و تدریس کے جس حصے میں بہتری کی گنجائش ہو، اسے بہتر کیا جاسکے۔

**<u>سکول بیسڈ اسیسمنٹ (SBA) کے مراحل:</u>**




# باب نمبر3

# سکول بیسڈ اسیسمنٹ (SBA) کے پرچہ جات آن لائن جنریٹ کرنے کا طریقہ


PEC نے تمام سوالات ایک آن لائن سسٹم میں بنائے ہیں۔ یہ سسٹم بھی PEC نے خود تیار کیا ہے جس کو آئیٹم بینک سسٹم (IBS) کہا جاتا ہے۔ سکول تمام پرچہ جات اسی IBS کو استعمال کرتے ہوئے تیار کریں گے۔ ہر پرچہ دو صفحات پر مشتمل ہو گا۔ جس کا طریقہ نیچے بتایا جا رہا ہے۔

## 3.1۔ سکول ہیڈ کا اکاؤنٹ:

ا۔ دیے گئے لنک پر کلک کرنے سے ذیل میں دی گئی تصویر کے مطابق ویب بیسڈ پیج کھل جائے گا (جس کے لئے انٹرنیٹ ضروری ہے)





۲۔ تمام سکولز کو ان کے EMIS CODE پر مشتمل User Name اور Password مہیا کیا جائے گا۔ درست User Name and Password لگانے پر سسٹم متعلقہ سکول کے لئے مندرجہ ذیل نمونے کے مطابق ڈیش بورڈ اوپن کر دے گا۔ نیچے دی گئی تصویر میں سکول ڈیش بورڈ کی مختلف آپشنز دکھائی گئی ہیں۔ بنیادی طور پر اس کے دو حصے ہیں۔ ا۔ رائیٹ پینل ۲۔ لیفٹ پینل



۳۔ لیفٹ پینل سکول کے اکاؤنٹ کی تمام آپشن دکھا رہا ہے جبکہ رائیٹ پینل میں مختلف آپشنز کے منتخب کرنے پر معلومات نظر آتی ہیں۔

۴۔ "Profile" پر کلک کرنے سے سسٹم "Profile View" اور "Change Password" کی آپشنز دکھا دے گا۔ "Profile View" پر کلک کرنے سے سسٹم سکول کی بنیادی معلومات دکھا دے گا۔





"Change Password" پر کلک کرنے سے سکول ایڈمن اپنا Password تبدیل کر سکتا ہے۔





۵۔ اگلی آپشن "Generate New Paper" کی ہیں۔ جن کو کلک کرنے سے سسٹم آٹو پیپر جنریشن کی ونڈو دکھا دے گا۔ سکول ایڈمن مختلف گریڈز اور مضامین کی آپشن کو منتخب کرنے کے بعد "Generate Auto Paper" کے بٹن پر کلک کر کے پیپر تیار کر سکتا ہے۔ سسٹم خود کار نظام کے تحت آئٹم بینک سے پیپر تیار کر دے گا۔

اس طریقہ کار سے سکول ایڈمن اپنے تمام تیار کردہ (پہلے / بعد والے) پیپرز کی فہرست بھی دیکھ سکے گا۔

## 3.2-آٹو پیپر جنریشن





"Generated Paper List" کی آپشن سکول ایڈمن کوتمام جماعتوں کے پہلے سے تیار کردہ پرچہ جات کی اکٹھی فہرست دکھا دے گا۔ تیار کردہ پرچہ جات کو پرنٹر سے پرنٹ کرنے کے لئے فہرست کے سامنے الگ الگ کلک کریں۔تمام پرچہ جات Urdu یا English میں پرنٹ کئے جاسکتے ہیں۔اپنی پسند کی آپشن منتخب کرنے کے بعد پرچہ جات کو پرنٹ کیا جائے گا اوران کو PDF کی شکل میں Save کیا جاسکتا ہے۔Keys and Rubrics تیار کردہ پرچہ




سکول ایڈمن اپنے ڈسٹرکٹ کے فوکل پرسن سے رابطہ کرنے کے لئے "Communication" کی آپشن کو منتخب کر کے اپنا میسج بھیج سکتا ہے۔اس سہولت کا مقصدSBA سے متعلق رہنمائی کو یقینی بنانا ہے۔

### 3.3۔ ڈسٹرکٹ فوکل پرسن کا اکاؤنٹ:

ڈسٹرکٹ فوکل پرسن کو اس کا لاگ ان اور پاس ورڈ فراہم کیا جائے گا۔




ڈسٹرکٹ فوکل پرسن کے لاگ ان میں مندرجہ ذیل آپشنز کھلیں گی۔





#### 3.3.1۔ یوزرز مینجمنٹ:

اس آپشن پر کلک کرنے سے مزید تین آپشنز کھلیں گی۔

پہلی آپشن "My Profile" پر کلک کرنے سے آپ اپنی پروفائل دیکھ سکتے ہیں

اور اگر اس میں کوئی تبدیلی کرنا چاہیں تو "My Profile Edit" میں جا کر تبدیل کر سکتے ہیں۔

اسی طرح "My Password Change" پر کلک کر کے آپ اپنا پاسورڈ تبدیل کر سکتے ہیں۔





#### 3.3.2۔ کیمونیکیشن:

اس آپشن پر کلک کرنے پر نیچے دی گئی شکل میں دیے گئے آپشنز کھلیں گی۔


"Send New Message" پر کلک کر کے ڈسٹرکٹ فوکل پرسن کسی بھی تحصیل فوکل پرسن/ایڈمن اور سکول کو اپنی طرف سے پیغام بھجوا سکتا ہے جبکہ "My Messages" پر کلک کر کے اس نے جو بھی Messages بھیجے ہوں وہ دیکھ سکتا ہے۔




"Send New Notification" پر کلک کر کے ایک جیسے Role کے تمام Users کو Notifications بھیجا جا سکتا ہے۔





بھیجے گئے Notifications کو دیکھنے کے لیے "My Notifications" پر کلک کریں۔




### 3.3.3۔ سکول مینجمنٹ:

اس آپشن پر کلک کرنے پر نیچے دی گئی شکل کے مطابق آپشنز کھلیں گی۔





### Schools List -3.3.4

اس آپشن کے ذریعے سسٹم میں متعلقہ ضلع کے تمام سکولز کی لسٹ دیکھ سکتے ہیں اوران کی انفارمیشن تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔




آخری کالم میں ہر سکول کے سامنے view اور Edit کا بٹن دیا گیا ہے جس سے ایک سکول کی انفارمیشن دیکھی جا سکتی ہے اور اسے تبدیل بھی کیا جا سکتا ہے۔



**+ Edit School**

| EMIS Code/Login Name | Password | Department/Body | School Type |
|---|---|---|---|
| 35210004 | | SED | Public |
| **School Name** | **School Address** | **District** | **Tehsil** |
| GGHSS BARKI | N | LAHORE | CANTT |
| **School Level** | **School Gender** | **School Email** | **Phone Number** |
| Higher Secondary | FEMALE | | |
| **Contact Name** | **Contact Mobile** | **Location** | **Status** |
| | | URBAN | Active |

### 3.3.5-Add New School

اس آپشن سے سسٹم میں نیا سکول add کیا جا سکتا ہے۔ان کو بھی لاگ ان اور پاسورڈ فراہم کیا جا سکتا ہے۔

**+ Add New School** Schools List

| EMIS Code/Login Name | Password | Department/Body | School Type |
|---|---|---|---|
| | | SED | Public |
| **School Name** | **School Address** | **District** | **Tehsil** |
| | | LAHORE | ---Select Tehsil--- |
| **School Level** | **School Gender** | **School Email** | **Phone Number** |
| Primary | MALE | | |
| **Contact Name** | **Contact Mobile** | **Location** | **Status** |
| | | URBAN | Active |

Add School

### 3.3.6-Schools Report

اس پر کلک کرنے سے پہلے ڈسٹرکٹ کی Summary آتی ہے کہ ایک ڈسٹرکٹ نے کتنے MCQ اور CRQ پرچہ جات بنائے ہیں۔اس رپورٹ میں کسی بھی تحصیل پر کلک کرنے سے اس تحصیل کے سکول وائز(School Wise) جزیٹ کئے گئے پرچہ جات کی سمری(Summary) سامنے آجائیگی۔

District School Report

| # | District | Tehsil | School Count | | School Login | | Generated Paper MCQs | | | | | | Generated Paper ERQs | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Public | Private | Public | Private | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 1 | LAHORE | CANTT | 194 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 2 | LAHORE | CITY | 4710 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 10 | 0 | 0 | 0 | 0 | 1 | 10 |
| 3 | LAHORE | RAIWIND | 166 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 4 | LAHORE | MODEL TOWN | 257 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 5 | LAHORE | SHALIMAR | 358 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| Total | | | 5685 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 10 | 0 | 0 | 0 | 0 | 1 | 10 |

+ School Wise MCQs & ERQs Detail District Schools Report

| # | Name of School | Type | Class wise Generated Paper MCQs | | | | | | Class wise Generated Paper ERQs | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 1 | GGHSS SAMANABAD | PUBLIC | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| 2 | GHS SULEMANIA PUBLIC SAMANABAD | Public | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 10 | 0 | 0 | 0 | 0 | 1 | 0 |

# باب نمبر 4

## اداروں کا کردار اور ذمہ داریاں

### محکمہ تعلیم حکومت پنجاب کی ذمہ داریاں:

سکول بیسڈ اسیسمنٹ میں سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا کردار نہایت اہم ہے۔ اس سلسلہ میں پالیسی ڈائریکشن کے ساتھ ساتھ اس کے مطابق ہونے والے عوامل (Processes) کی ہر سٹیج پر رہنمائی کرے گا۔

### پنجاب ایگزامینیشن کمیشن کی ذمہ داریاں:

1- پنجاب ایگزامینیشن کمیشن جماعت اول تا ہشتم کے تمام بنیادی مضامین (انگلش، اردو، اسلامیات (ناظرہ و ترجمہ قرآن پاک) / اخلاقیات، GK / سائنس، ریاضی، معاشرتی علوم / تاریخ و جغرافیہ، کمپیوٹر ایجوکیشن) کے آئٹم بینک مہیا کرے گا۔

2- PEC مارکنگ کے لیے keys and Rubrics بھی تیار کرے گا جو تمام سکولوں کو آن لائن پرچہ جات کے ساتھ ہی فراہم کر دی جائیں گی۔

3۔ اسیسمنٹ کے سلسلے میں فیلڈ فارمیشن کو درپیش کسی بھی مسئلہ کے بارے میں مشاورت اور تکنیکی مدد کی فراہمی کے لیے PEC میں ایک کنٹرول روم قائم کیا جائے گا۔

4- PEC کا کنٹرول روم ضلعی سطح پر تعلیمی انتظامیہ اور نامزد فوکل پرسن کے ساتھ رابطے میں رہے گا اور اسیسمنٹ کے مختلف مراحل کی تکمیل کے بارے میں معلومات حاصل کریگا ۔ PEC کی مانیٹرنگ ٹیمیں اسیسمنٹ کے انعقاد کے دوران تمام اضلاع میں وزٹ کریں گی اور SOPs کے مطابق امتحان کے انعقاد کو یقینی بنائیں گی۔

### ڈسٹرکٹ فوکل پرسن کی ذمہ داریاں:

1- چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی (DEA) سکول ہیڈز اسیسمنٹس کے لیے ایک فوکل پرسن کی تعیناتی کرے گا جو کم از کم گریڈ 17 کا آفیسر ہو گا۔

2- فوکل پرسن اسیسمنٹ کے کامیاب انعقاد، نگرانی اور پیش آنے والے تمام مسائل کے حل کے لیے متعلقہ افسران سے رابطے کا ذمہ دار ہو گا اور سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ / PEC کو تمام مراحل پر آگاہ رکھے گا۔

3- تمام ڈی ای اوز اور ڈپٹی ڈی ای اوز اسیسمنٹ کے انعقاد کے لیے ضلعی فوکل پرسن کے ساتھ مسلسل رابطے کے لیے اپنے دائرہ کار میں اہل فرد کا تعین کریں گے۔

4- چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) / فوکل پرسن سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے سکولوں کے علاوہ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن (PEF)، پنجاب ایجوکیشن انیشیٹیو مینجمنٹ اتھارٹی (PEIMA)، لٹریسی ڈیپارٹمنٹ (NF&BED)، لیبر ڈیپارٹمنٹ، دانش سکولز، سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور دیگر پرائیویٹ سکولز کے ساتھ بھی رابطے میں رہیں گے جو اسیسمنٹ کا انعقاد کریں گے۔

5- فوکل پرسن متعلقہ آفیسرز (DEO, DyDEO, AEO and Cluster School Head) اپنے دائرہ کار میں ہیڈ ٹیچرز اور ٹیچرز کی اسیسمنٹ کے حوالے سے ٹریننگ یقینی بنائیں گے اور بوقت ضرورت ان کی رہنمائی کریں گے۔

6۔ فوکل پرسن، دی گئی ہدایات کے مطابق پرائیویٹ سکولوں اور پرائیویٹ طلباء کو اسیسمنٹ میں شمولیت کا بندوبست کریں گے۔

## سکول ہیڈ ٹیچرز کی ذمہ داریاں:

1۔ تمام بنیادی مضامین کے آئٹم بنک پنجاب ایگزامینیشن کمیشن کی طرف سے فراہم کئے جائیں گے۔

2۔ دی گئی ہدایات کی روشنی میں آئٹم بنک سے پرچہ جات متعلقہ اساتذہ آئی ٹی ٹیچر کی مدد سے تیار کریں گے اور مارکنگ کے لیے اساتذہ کو PEC کی تیار کردہ Keys and Rubrics مہیا کریں گے۔

3۔ سپروائزری اور مارکنگ سٹاف کی تعیناتی کرنے کے ساتھ ساتھ Rubrics اور Keys کے مطابق پرچہ جات کی مارکنگ کی سپرویژن کریں گے۔

4۔ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ سکول کے اساتذہ طلبہ کی اسیسمنٹ کا ریکارڈ اسیسمنٹ رجسٹر میں درج کریں۔

5۔ رپورٹ کارڈ کے دیے گئے نمونے کے مطابق طلبہ کو رپورٹ کارڈ جاری کریں گے۔

6۔ طلبہ اور والدین / سرپرست کو رپورٹ کارڈ دینے اور طلبہ کی کارکردگی کے بارے میں گفتگو کرنے کے لیے PTM کا انعقاد کریں گے۔

7۔ پرائیویٹ طلبہ کی اسیسمنٹ دی گئی ہدایات کے مطابق کریں گے۔

## متعلقہ ٹیچرز کی ذمہ داریاں:

1۔ پرچہ جات کو تیار کرنے کے بعد ان کو اچھی طرح ریویو کریں گے اور کسی بھی غلطی یا مس پرنٹنگ کی صورت میں ہیڈ ٹیچر کو آگاہ کریں گے۔

2۔ پرچہ جات کے انعقاد میں ہیڈ ٹیچر کی معاونت کریں گے۔

3-PEC کی طرف سے فراہم کردہ Keys and Rubrics کے مطابق پرچہ جات کی مارکنگ کو یقینی بنائیں گے۔

4۔ مارک کئے گئے پرچہ جات کے مطابق رزلٹ تیار کریں گے اور دی گئی ہدایات کے مطابق رپورٹ کارڈز تیار کر کے طلبہ کے والدین کے حوالے کریں گے۔

5۔ متعلقہ استاد طلبہ کے حاصل کردہ نمبروں کا اندراج مضمون وار رزلٹ رجسٹر میں اندراج کرے گا۔

# باب نمبر5

## اسیسمنٹ کے انعقاد کے دوران نگران عملہ کے لئے ہدایات

### گفتگو اور رویہ:

یاد رکھیں آپ کا مثبت رویہ اور حوصلہ افزائی طلبہ کو بہترین طریقے سے اسیسمنٹ کا پرچہ حل کرنے میں مدد گار ثابت ہو گی۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ

- شائستہ اور مہذب انداز سے گفتگو کریں۔
- ہر طرح کے سوالات کا تحمل اور نرمی سے جواب دیں۔
- سخت لہجے اور منفی رویے سے گریز کریں۔
- طلبہ کو کو اپنے تعاون کا یقین دلائیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- **ضرورت کے مطابق ہدایات کو دہرائیں۔**
- کمرہ روشن اور ہوادار ہے۔
- طلبہ کے بیٹھنے کے لیے مناسب انتظام موجود ہے۔
- پینے کے پانی کا انتظام ہے۔
- صاف ستھرے واش روم موجود ہیں۔
- طلبہ کی خصوصی ضروریات کے مطابق انتظام موجود ہے۔ مثلاً اگر کسی بچے کو لکھنے میں معذوری کا سامنا ہو تو اس کے لیے لکھاری کا بندوبست کیا جائے۔
- طلبہ کے درمیان مناسب فاصلہ رکھیں تا کہ وہ ایک دوسرے کے کام میں مخل نہ ہوں۔
- طلبہ کو بٹھاتے ہوئے حفظان صحت کے اصولوں کو مد نظر رکھا جائے۔
- ہر پرچے کے شروع میں مضمون کے نمونے کا سوال طلبہ کو اس میں دی گئی ہدایات کے مطابق سمجھائیں۔
- سوال سمجھانے کے بعد پرچہ شروع کرائیں۔
- طلبہ کو خود سے پرچہ مکمل کرنے دیں۔
- دوران اسیسمنٹ اگر طلبہ کو ضرورت ہو تو ان کی مدد کریں تاہم پرچہ میں دیے گئے کسی بھی سوال کا جواب نہ دیا جائے۔
- اسیسمنٹ کے اختتام پر طلبہ کا شکریہ ادا کریں۔

## Test Design:

The approved test design for these assessments is given as under:

| **Assessment** | | First-term Assessment | Mid-term Assessment |
|---|---|---|---|
| No. of MCQs | G. 3-5 | 10 | 10 |
| | G. 6-8 | 10 | 10 |
| Marks of MCQs | G. 3-5 | 20 | 20 |
| | G. 6-8 | 15 | 15 |
| No. of CRQs | G. 3-5 | 3 | 3 |
| | G. 6-8 | 3 | 3 |
| Marks of CRQs | G. 3-5 | 30 | 30 |
| | G. 6-8 | 35 | 35 |

## Final Term Paper Composition SBA 2024:

| Grade | 3-5 | | | | 6-8 | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Subject | MCQs | Marks | CRQs | Marks | MCQs | Marks | CRQs | Marks |
| English | 25 | 50 | 5 | 50 | 32 | 48 | 5 | 52 |
| Mathematics | 25 | 50 | 5 | 50 | 32 | 48 | 5 | 52 |
| GK/Science | 25 | 50 | 5 | 50 | 32 | 48 | 5 | 52 |
| Urdu | 25 | 50 | 5 | 50 | 32 | 48 | 5 | 52 |
| Computer Education | N/A | | | | 32 | 48 | 5 | 52 |
| SSt H&G | 25 | 50 | 5 | 50 | 32 | 48 | 5 | 52 |
| Ethics\RE | 25 | 50 | 5 | 50 | 32 | 48 | 5 | 52 |
| Islamiyat | 25 | 50 | 5 | 50 | 32 | 48 | 5 | 52 |
| Teaching of Quran Majeed | Nazra Quran Majeed Grade 1-5 | | | 50 | Teaching of Quran Majeed Grade 6-8 | | | 50 |

- In Grade I & II there will be oral papers.
- Five sections include Fill in the blanks, True False, MCQs, Column Matching and Short Qs.
- Each section with five Questions.
- Each student has to answer 4 questions from each section and 20 in total.
- Total 100 marks(20Qs*5) for all subjects except Teaching of Quran Majeed Nazra which will be of 50 marks.
- Six Subjects: English, Urdu, Maths, GK/Science, Islamiyat/Ethics from Grade 1 to 8.
- SST/H&G will be from G4 to G8.
- Computer Science and Tarjuma ul Quran Majeed from Grade 6 to 8.
- Nazra Quran Majeed from Grade 1 to 5.

# باب نمبر6

## مارکنگ(Marking)کا طریقہ کار

1. اس مرتبہ 2024-2023 کے سلسلے میں ٹرم 1 اور ٹرم 2 کی ستمبر اور دسمبر میں بھی اسیسمنٹ کی جائے گی۔ حکومت پنجاب کے اعلان کے مطابق اکتوبر کا پہلا اور دوسرا ہفتہ ٹرم 1، دسمبر کا دوسرا اور تیسرا ہفتہ ٹرم 2 اور مارچ کا دوسرا اور تیسرا ہفتہ فائنل اسمینٹ کے لیے مخصوص کر دیا گیا ہے۔
2. اس سلسلے میں PEC کی طرف سے تمام اسیسمنٹ کا سلیبس پہلے سے بتا دیا جائے گا۔یعنی تعلیمی کیلنڈر کے مطابق سلیبس کے حصے کر دیے گئے ہیں۔ تمام پرچہ جات کے ساتھ ان کی Keys اور Rubrics بھی فراہم کرے گا۔
3. اس طرح اساتذہ کرام ان Keys اور Rubrics کی مدد سے پرچہ جات کی مارکنگ کر سکتے ہیں اور پھر ان نمبروں کو امتحانی رجسٹر میں درج بھی کرنا ہے۔اساتذہ کو تاکید کریں کہ وہ مارکنگ معیاری کرنے کے لیے Keys اور Rubrics کے مطابق مارکنگ کریں گے۔
4. اردو اور انگلش میں Reading Listening and Speaking کی مارکنگ بھی دی گئی Rubrics کے مطابق ہو گی۔
5. سوالیہ پرچہ جات باقاعدہ ایک آئٹم بنک میں موجود ہوں گے جو کہ ادارہ کے سربراہ کو ملنے والے پاس ورڈ اور یوزر نیم کی بنا پر ڈاون لوڈ ہوں گے۔
6. طلبہ کو بٹھاتے ہوئے حفظان صحت کے اصولوں کو مد نظر رکھا جائے۔

# باب نمبر7

## رپورٹ کارڈ کو پُر کرنے کے لیے ہدایات

نوٹ: رپورٹ کارڈ (ضمیمہ نمبر ۲) برائے جماعت اول تا ہشتم MCQsاور CRQs پر بنی اسیسمنٹ کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

سیکشن 1 - حصہ اول ذاتی معلومات سے متعلق ہے۔ اس حصے میں طالب علم کا نام بمعہ ولدیت، سکول کا نام، جماعت، سیکشن، رول نمبر اور تاریخ پیدائش کو لفظوں اور ہندسوں میں درج کریں گے۔

سیکشن2۔ دوسرا حصہ طالب علم کی تعلیمی کارکردگی کے بارے میں ہے۔ جس میں مضامین کے کل نمبر، حاصل کردہ نمبر اور دیے گئے فارمولے کے تحت گریڈ درج کریں گے۔

سیکشن3۔ اس حصے میں کلاس ٹیچر کے "تاثرات" بچے کی مجموعی کارکردگی کے بارے میں تحریر کیے جائیں گے۔

سیکشن 1 یہ سیکشن ایسی معلومات سے متعلق ہے جو طالب علم کی شناخت کے لیے ضروری ہیں۔

| |
|---|
| سکول کا نام------------------------------------------------------------------------------------------- |
| نام طالب علم:------------------------------------------ ولدیت:------------------------------------------------- |
| ب فارم نمبر:------------------------ جماعت:------------------------ رولنمبر:-------------------- سیکشن:------- |
| تاریخ پیدائش (ہندسوں میں):---------------------------------- تاریخ پیدائش (لفظوں میں):------------------------------ |

**اساتذہ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ:**

1. دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے تمام مطلوبہ معلومات فراہم کر دی گئی ہیں۔
2. طالب علم کا نام، والد کا نام وغیرہ کو بالکل ایسے ہی لکھا گیا ہے جیسے رجسٹر داخل وخارج میں درج ہے۔
3. ممکنہ غلطیوں سے بچنے کے لیے تمام اندراجات کو دوبارہ چیک کیا جائے۔

سیکشن2: مضامین میں کارکردگی

دوسرے حصے میں طالب علم کی تعلیمی کارکردگی کا اندراج کیا جائے گا۔ جس میں مضامین ت گریڈ درج کرتا ہے۔

## مضامین میں کارکردگی:

| فرسٹ ٹرم | | | | سیکنڈ ٹرم | | | | فائنل ٹرم | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمار | مضامین | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر | نمبر شمار | مضامین | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر | نمبر شمار | مضامین | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر |
| 1 | انگریزی | 50 | | 1 | انگریزی | 50 | | 1 | انگریزی | 100 | |
| 2 | اردو | 50 | | 2 | اردو | 50 | | 2 | اردو | 100 | |
| 3 | ریاضی | 50 | | 3 | ریاضی | 50 | | 3 | ریاضی | 100 | |
| 4 | جنرل نالج / جنرل سائنس | 50 | | 4 | جنرل نالج / جنرل سائنس | 50 | | 4 | جنرل نالج / جنرل سائنس | 100 | |
| 5 | معاشرتی علوم / تاریخ و جغرافیہ | 50 | | 5 | معاشرتی علوم / تاریخ و جغرافیہ | 50 | | 5 | معاشرتی علوم / تاریخ و جغرافیہ | 100 | |
| 6 | اسلامیات | 50 | | 6 | اسلامیات | 50 | | 6 | اسلامیات | 100 | |
| 7 | تدریس قرآن مجید | 25 | | 7 | تدریس قرآن مجید | 25 | | 7 | تدریس قرآن مجید | 50 | |
| 8 | کمپیوٹر ایجوکیشن | 50 | | 8 | کمپیوٹر ایجوکیشن | 50 | | 8 | کمپیوٹر ایجوکیشن | 100 | |
| 9 | اخلاقیات | 75 | | 9 | اخلاقیات | 75 | | 9 | اخلاقیات | 150 | |
| 10 | | | | 10 | | | | 10 | | | |
| | مجموعی نتیجہ | | | | مجموعی نتیجہ | | | | مجموعی نتیجہ | | |

اسلامیات کا پرچہ 100 نمبر کا ہو گا اور تدریس قرآن پاک 50 نمبر کا ہو گا جبکہ اخلاقیات کا پرچہ 100 نمبر کا ہو گا۔ لیکن اس کا weight age 150 نمبروں کا ہو گا یعنی حاصل کردہ نمبروں کو 1.5 سے ضرب دیں گے۔

اسی طرح جماعتوں کے بقیہ مضامین

کل نمبر: ہر مضمون کے کل نمبر حاصل کردہ نمبر: ہر مضمون میں طالب علم کے حاصل کردہ نمبر

گریڈ دینے کے لیے فیصد نمبر نکالیں اور نیچے دیے گئے ٹیبل کے مطابق گریڈ کا تعین کریں۔

پہلا مرحلہ: حاصل کردہ نمبروں کو کل نمبروں پر تقسیم کریں۔

دوسرا مرحلہ: فیصد سکور (نمبر) معلوم کرنے کیلئے پہلے مرحلے کے عمل میں حاصل کردہ جواب کو 100 سے ضرب دیں۔

## مثال:

| | |
|---|---|
| کل نمبر (ریاضی) | 100 |
| حاصل کردہ نمبر | 60 |
| حاصل کردہ فیصد نمبر | (60/100)x100 = 60% |
| گریڈ حاصل کردہ | B |

گریڈز کی تفصیل:

| گریڈنگ کا فارمولا | |
|---|---|
| A+ | 80 فیصد یا زائد |
| A | 70 تا 79 فیصد |
| B | 60 تا 69 فیصد |
| C | 50 تا 59 فیصد |
| D | 40 تا 49 فیصد |
| E | 33 تا 39 فیصد |

نوٹ: 33 سے کم نمبر آنے پر کوئی گریڈ نہیں دیا جائے گا اور صرف اس کے حاصل کردہ نمبر لکھے جائیں گے۔

سیکشن 3: کلاس ٹیچر کے تاثرات

1. اس سیکشن میں اساتذہ طالب علم کے متعلق مجموعی تاثرات لکھیں گے۔ طالب علم کی خوبیوں کو زیادہ اجاگر کیا جائیگا۔ جس کے لئے صرف مثبت الفاظ استعمال کیے جائیں گے۔ مثال: علی ایک محنتی طالب علم ہے۔ اسے ریاضی کے بنیادی تصورات کی اچھی فہم ہے۔ اردو زبان کی ساخت اور تحریری مہارتوں کو بہتر بنانے کے لیے اسے مزید کتابیں پڑھنی چاہئیں۔

2- اگر طالب علم نے کسی ہم نصابی سرگرمی یا مقابلے وغیرہ میں حصہ لیا ہو تو اس کا اندراج بھی لازمی کیا جائے گا۔ اگر اس نے کوئی پوزیشن وغیرہ حاصل کی ہے تو اُس کا بھی ذکر کیا جائے گا۔ مثال: علی نے یوم آزادی کی تقریب میں حصہ لیا۔ اس نے کہانی لکھنے کے مقابلہ میں دوسری پوزیشن بھی حاصل کی۔

## رپورٹ کارڈ والدین / سرپرست کے حوالے کرنے کا طریقہ کار

رپورٹ کارڈ والدین سرپرست کے حوالے کرنے کے لیے سکول میں درج ذیل طریقہ اپنایا جائے گا:

1. سکول میں والدین / سرپرست اور اساتذہ کی میٹنگ کا انعقاد کریں۔

2. ہر طالب علم کے والدین / سرپرست کو انفرادی وقت دیں۔

3. طلبہ کے ناموں کی فہرست حسب ذیل طریقہ سے بنائیں اور تاثرات کے کالم میں والدین سرپرست سے طالبعلم سے متعلق تاثرات لکھوائیں۔

| کلاس---------------------------------- تعلیمی سال---------------------------- میٹنگ کی تاریخ------------------ | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نمبر شمار | نام طالب علم و کلاس | والدین / سرپرست کا نام | دستخط | والدین / سرپرست کے تاثرات |

4. والدین سرپرست اور طالب علم کو ایک ساتھ بلائیں۔

5. -طالب علم کی خوبیاں والدین سرپرست کے سامنے لائیں۔

6. طالب علم کی تعلیمی ترقی / پیش رفت اور اس سے متعلق مسائل کے بارے گفتگو کریں۔

7. رپورٹ کارڈ والدین سرپرست کے حوالے کریں اور ان کے دستخط لیں۔(ضمیمہ نمبر ۲)

# باب نمبر8

# پرائیویٹ تعلیمی اداروں اور پرائیویٹ طلبہ کی شمولیت کا طریقہ کار

پرائیویٹ طلبہ کی SBA میں شمولیت کا طریقہ کار درج ذیل ہے۔

پرائیویٹ سکول:

سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ جو پرائیویٹ سکول PEC کے تیار کردہ آئٹم بنک سے استفادہ کرنا چاہتے ہوں تو وہ اپنے متعلقہ ضلع میں DEA کے نامزد فوکل پرسن کو ان تک رسائی کے لیے درخواست دیں گے جس میں سکول کی درج ذیل معلومات فراہم کریں گے:

1-سکول کا نام　2-سکول کا رابطہ نمبر　3-رجسٹریشن نمبر　4-مکمل پتہ　5-ڈسٹرکٹ

6-ای میل　7-تحصیل　8-سکول سربراہ کا نام

ضلعی فوکل پرسن متعلقہ پرائیویٹ سکولز کا سسٹم میں اندراج کر کے اس کا user name اور پاس ورڈ جاری کرے گا۔

اس کے بعد پرائیویٹ سکول فراہم کردہ user name اور پاس ورڈ کو استعمال کرتے ہوئے سسٹم میں لاگ ان ہو کر PEC کے تیار کردہ اول تا ہشتم کے پرچوں کو آئٹم بنک کی مدد سے حکومت پنجاب کے سرکاری اداروں کے شیڈول کے مطابق اپنے سکول کے لیے SBA کا انعقاد کر سکے گا۔

پرائیویٹ طلبہ صرف SBA Final Term میں ہی شامل ہوں گے۔

وہ بچے جو سرکاری یا رجسٹرڈ پرائیویٹ سکول کے طالبعلم نہ ہیں اور کسی جماعت کی اسیسمنٹ میں شمولیت کے خواہاں ہوں اور وہ اپنی سہولت کے مطابق اسیسمنٹ کے شیڈول سے ایک ہفتہ قبل اپنے قریبی ہائی سکول میں درج ذیل کوائف کے ساتھ درخواست دیں۔(ضمیمہ نمبر ۳) تاریخ پیدائش رہائشی پتہ مطلوبہ جماعت برائے اسیسمنٹ والد سرپرست کا فون نمبر ولدیت وغیرہ کا اندراج کروائیں گے۔

- اگر کسی ہائی سکول میں پرائمری کلاسیں نہ ہوں تو پرائیویٹ بچوں کو پرائمری تک اسیسمنٹ کی سہولت دیے گئے طریقہ کار کے مطابق نزدیکی ایلیمنٹری سکول فراہم کرے گا۔
- سکول اسیسمنٹ کے آغاز سے قبل تمام پرائیویٹ طلبہ کی معلومات متعلقہ ضلعی فوکل پرسن / دفتر کو پروفارمہ (ضمیمہ نمبر ۲) پر فراہم کرے گا۔
- سکول درخواست گزار پرائیویٹ بچوں کو اپنے بچوں کے ساتھ متعلقہ کلاس میں اسیسمنٹ میں شمولیت کا موقع فراہم کرے گا۔
- سکول پرائیویٹ بچے کی اسیسمنٹ سے متعلقہ ریکارڈ ضلعی فوکل پرسن / دفتر کو پروفارمہ (ضمیمہ نمبر ۵) پر فراہم کرے گا۔

- اسیسمنٹ کی تکمیل کے بعد پرائیویٹ طالبعلم کو متعلقہ سکول کی طرف سے رپورٹ کارڈ برائے پرائیویٹ طالب علم (ضمیمہ نمبر 1) جاری کیا جائے گا۔
- ضلعی فوکل پرسن برائے اسیسمنٹ اس طرح کے تمام بچوں کی اسیسمنٹ کا ریکارڈ اپنے دفتر میں محفوظ رکھے گا۔
- اگر کسی ضلعی جیل کے قیدی بھی اسیسمنٹ میں شمولیت کے خواہاں ہوں تو وہ بھی پرائیویٹ طلبہ کے لیے دیے گئے طریقہ کار کے مطابق اسیسمنٹ میں شامل ہو سکتے ہیں۔ تاہم ان کی اسیسمنٹ کے لیے متعلقہ سکول جیل حکام کے ساتھ رابطہ کے بعد اپنا ایک استاد اسیسمنٹ کے مقصد کے لیے بھیجے گا۔

# باب نمبر9

# سکول بیسڈ اسیسمنٹ(SBA) کے لیے سر گرمیاں

## سکول بیسڈ اسیسمنٹ2024-2023 کے لیے سر گرمیوں کا شیڈول

سکول بیسڈ اسیسمنٹ2024-2023 کو منعقد کروانے کے لیے درج ذیل شیڈول تجویز کیا گیا۔

| سر گرمیاں | ذمہ داری | ٹائم شیڈول | | |
|---|---|---|---|---|
| | | فرسٹ ٹرم | سیکنڈ ٹرم | فائنل |
| آئٹم بنک کی فراہمی | پنجاب ایگزامینیشن کمیشن | 13 ستمبر 2023 | 28 نومبر 2023 | 8 مارچ 2024 |
| پرچہ جات کی جنریشن | متعلقہ سکول | 13 ستمبر 2023 | 28 نومبر 2023 | 8 تا 27 مارچ 2024 |
| اسیسمنٹ کا انعقاد | متعلقہ سکول | 2 اکتوبر 2023 | 6 دسمبر 2023 | 14 تا 27 مارچ 2024 |
| مارکنگ | متعلقہ سکول | 5 تا 13 اکتوبر 2023 | 8 تا 22 دسمبر 2023 | 14 تا 29 مارچ 2024 |
| والدین سے ملاقات / رپورٹ کارڈ کا اجرا | متعلقہ سکول | 14 اکتوبر 2023 | 23 دسمبر 2023 | 30 مارچ 2024 |

## پنجاب ایگزامینیشن کمیشن میں معیاری اسیسمنٹ کی تیاری کا طریقہ کار Selection of Item Writers and Training

**(آئٹم ڈویلپرز کا انتخاب اور تربیت)**

امسال 2024-2023 میں تقریباً4 ہزار امیدواروں نے آن لائن اپلائی کیا۔ ہر مضمون میں 180 امیدواروں کو شارٹ لسٹڈ کیا گیا، جن کا آن لائن تحریری ٹیسٹ ہوا اور اس میں ہر ضلع کے کم از کم پانچ امیدوار شامل تھے۔ تحریری ٹیسٹ پاس کرنے کے بعد 108 امیدواروں کو آن لائن انٹرویو کے لیے بلایا گیا اور انٹرویو کے بعد تمام مضامین کے 40 آئٹم رائٹرز اور ریورز کو منتخب کرنے کے بعد ان کی تین روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔

**Item writing and Review workshop آئٹم رائٹنگ اور ریویو ورکشاپ**

نصاب کے مطابق ہر مضمون میں ماہر اور منتخب شدہ اساتذہ کو پانچ سے چھ روزہ ورکشاپ میں مدعو کیا گیا۔ ہر ضلع میں سے کم از کم ایک استاد اس میں شامل تھا SLOs کی بنیاد پر آئٹمز کو ڈیویلپ کرنے کے فوراً بعد اس کا ریویو کیا گیا۔ تمام آئٹمز کو ساتھ ہی ساتھ آئٹم بنک پر اپلوڈ کرنا بھی اس ورک شاپ کا بنیادی مقصد تھا۔ بلوم ٹیکسانومی پر مشتمل ایس ایل او(SLOs) بیسڈ ایک منظم آئٹم بنک ائی بی ایس(IBS) پر اپلوڈ کرنا بنیادی ضرورت ہے۔

## PECمیں معیاری اسیسمنٹ کی تیاری کا منفرد طریقہ کار

پنجاب ایگزامینیشن کمیشن کی اسیسمنٹ کی ٹیم اعلیٰ تعلیم یافتہ ماہرین و معاونین پر مشتمل ہے، جن میں ڈائریکٹر اسیسمنٹ اینڈ فریم ورک، سائیکو میٹریشن، اسیسمنٹ ایکسپرٹس، سبجیکٹ سپیشلسٹس، آئٹم ڈویلپرز رائٹرز ریویورز شامل ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ گورنمنٹ اور پرائیوٹ کالجز یونیورسٹیز کے قابل اساتذہ بھی آئٹمز کو ریویو کرتے ہیں۔

1۔ تمام مضامین کی ٹریننگ کیلئے مٹیریل کی تیاری اور اسکا اہتمام۔

2۔ تمام مضامین کا فریم ورک تیار کرنا۔

3۔ تمام آئٹمز کی(Bloom's Taxonomy)کے مطابق ڈویلپمنٹ۔

4۔ نصاب کے مطابق آئٹم بنک کی تیاری۔

5۔IBSپر اپ لوڈ کرنا، ریویو کرنا اور مختلف مراحل سے گزار کر ان کو فائنل کرنا۔

6۔ آئٹمز کی فیلڈ چیکنگ۔

7۔ پنجاب بھر کے منتخب کردہ اضلاع کے منتخب سکولز کے طلباء سے ٹیسٹ لے کر جملہ آئٹمز کی مارکنگ کرنے کے بعد ان کا Psychometric Analysis)کے بعد سوالات کو اسیسمنٹ کے لئے فائنل کرنا۔

# رپورٹ کارڈ برائے تعلیمی سال 2023-24

نام طالبعلم: ____________ ولدیت: ____________

سکول کا نام: ____________ ضلع: ____________

ب فارم نمبر: ____________ جماعت: ________ سیکشن: ________ رول نمبر: ________

تاریخ پیدائش (ہندسوں میں): ____________ تاریخ پیدائش (لفظوں میں): ____________

## فرسٹ ٹرم

| نمبر شمار | مضامین | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر | حاصل کردہ گریڈ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | انگریزی | 50 | | |
| 2 | اردو | 50 | | |
| 3 | ریاضی | 50 | | |
| 4 | جنرل سائنس/جنرل نالج | 50 | | |
| 5 | معاشرتی علوم/تاریخ/جغرافیہ | 50 | | |
| 6 | اسلامیات | 50 | | |
| 7 | تدریس قرآن مجید | 25 | | |
| 8 | کمپیوٹر ایجوکیشن | 50 | | |
| 9 | اخلاقیات | 75 | | |
| 10 | | | | |
| 11 | | | | |
| 12 | | | | |
| مجموعی میزان | | | | |

## سیکنڈ ٹرم

| نمبر شمار | مضامین | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر | حاصل کردہ گریڈ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | انگریزی | 50 | | |
| 2 | اردو | 50 | | |
| 3 | ریاضی | 50 | | |
| 4 | جنرل سائنس/جنرل نالج | 50 | | |
| 5 | معاشرتی علوم/تاریخ/جغرافیہ | 50 | | |
| 6 | اسلامیات | 50 | | |
| 7 | تدریس قرآن مجید | 25 | | |
| 8 | کمپیوٹر ایجوکیشن | 50 | | |
| 9 | اخلاقیات | 75 | | |
| 10 | | | | |
| 11 | | | | |
| 12 | | | | |
| مجموعی میزان | | | | |

## فائنل ٹرم

| نمبر شمار | مضامین | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر | حاصل کردہ گریڈ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | انگریزی | 100 | | |
| 2 | اردو | 100 | | |
| 3 | ریاضی | 100 | | |
| 4 | جنرل سائنس/جنرل نالج | 100 | | |
| 5 | معاشرتی علوم/تاریخ/جغرافیہ | 100 | | |
| 6 | اسلامیات | 100 | | |
| 7 | تدریس قرآن مجید | 50 | | |
| 8 | کمپیوٹر ایجوکیشن | 100 | | |
| 9 | اخلاقیات | 150 | | |
| 10 | | | | |
| 11 | | | | |
| 12 | | | | |
| مجموعی میزان | | | | |

## گریڈنگ فارمولا

| | |
|---|---|
| 80 فیصد یا زائد | A+ |
| 70 تا 79 فیصد | A |
| 60 تا 69 فیصد | B |
| 50 تا 59 فیصد | C |
| 40 تا 49 فیصد | D |
| 33 تا 39 فیصد | E |

* اخلاقیات کے پرچہ کے حاصل کردہ نمبر کو 1.5 سے ضرب دی جائے گی اس طرح اسکا ٹوٹل weightage کل نمبر 150 میں سے دیا جائے گا۔

**کلاس ٹیچر کے تاثرات:**

____________________

____________________

____________________

____________________

دستخط کلاس ٹیچر: ____________ دستخط ہیڈ ماسٹر/ ہیڈ مسٹریس/ پرنسپل ____________

تاریخ ____________

بچے قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں، ان کے روشن مستقبل کے لیے انھیں زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

ضمیمہ نمبر ۳

## پرائیویٹ طالبعلم کی سکول بیسڈ اسیسمنٹ (SBA) میں شمولیت کے لیے فارم

نام:--------------------------------------------------

والد / سرپرست کا نام:----------------------------------------

والد / سرپرست کا فون نمبر:-------------------------------------

تاریخ پیدائش:----------------------------------------------

رہائشی پتہ:-----------------------------------------------------------------------------------

مطلوبہ جماعت برائے اسیسمنٹ:---------------------------------------------------------------

نزدیکی سکول کا نام:---------------------------------------------------------------------

دستخط والد / سربراہ:---------------------------------------------------------------------

بچے کے ریکارڈ کے لیے

نام:-------------------------------- والد / سرپرست کا نام: ----------------------

والد / سرپرست کا فون نمبر:---------------------- تاریخ پیدائش: ----------------------

رہائشی پتہ:-----------------------------------------------------------------------------------

مطلوبہ جماعت برائے اسیسمنٹ:---------------------------------------------------------------

نزدیکی سکول کا نام:---------------------------------------------------------------------

سکول سربراہ کا نام اور موبائل نمبر:----------------------------------------------------------

دستخط سکول سربراہ:---------------------------------------------------------------------

# پرائیویٹ طلبہ کی سکول بیسڈ اسیسمنٹ (SBA) میں شمولیت کے لیے فارم

نام: ______________________________

والد/سرپرست کا نام : ______________________________

والد/سرپرست کا فون نمبر: ______________________________

تاریخ پیدائش: ______________________________

ب فارم نمبر: ۔( آپشنل )------------------------------------------

رہائشی پتہ: ______________________________

مطلوبہ جماعت برائے اسیسمنٹ: ________________

نزدیکی سکول کا نام: ______________________________

دستخط والد/سربراہ: ______________________________

# فارم برائے ریکارڈ سکول شمولیت سکول بیسڈ اسیسمنٹ (پرائیویٹ طلباء)

| نمبر شمار | نام طالبعلم | والد/سربراہ کا نام | فون نمبر | رہائشی پتہ | تاریخ پیدائش | مطلوبہ جماعت برائے اسیسمنٹ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

سکول کا نام: ________________ سربراہ سکول کے دستخط بمع مہر : ______________________________

## ضمیمہ نمبر ۴

### پرائیویٹ طالبعلموں کی سکول بیسڈ اسیسمنٹ (SBA) میں شمولیت سے پہلے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کو ریکارڈ کی فراہمی کا فارم

| نمبر شمار | نام طالبعلم | والد / سربراہ کا نام | فون نمبر | رہائشی پتہ | تاریخ پیدائش | مطلوبہ جماعت برائے اسیسمنٹ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

سکول کا نام:.................................................. سربراہ سکول کے دستخط بمع مہر: ..................................................

## ضمیمہ نمبر ۵

### پرائیویٹ طالبعلموں کی سکول بیسڈ اسیسمنٹ (SBA) میں شمولیت کے بعد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کو ریکارڈ کی فراہمی کا فارم

| نمبر شمار | نام طالبعلم | والد / سربراہ کا نام | تاریخ پیدائش | رہائشی پتہ | جماعت | کل حاصل کردہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

سکول کا نام:.................................................. سربراہ سکول کے دستخط بمع مہر: ..................................................

# پرائیویٹ طالبعلم کا
# رپورٹ کارڈ برائے تعلیمی سال 2023-24

سکول کا نام: ------------------------ ضلع: ------------------------

نام طالب علم: ------------------------ ولدیت: ------------------------

ب فارم نمبر: ------------ جماعت: ------------ رولنمبر: ------------ سیکشن: ------------

تاریخ پیدائش (ہندسوں میں): ------------------------------------------------

تاریخ پیدائش (لفظوں میں): ------------------------------------------------

| مضامین میں کارکردگی | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمار | مضامین | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر | حاصل کردہ گریڈ |
| 1 | انگریزی | 100 | | |
| 2 | اردو | 100 | | |
| 3 | ریاضی | 100 | | |
| 4 | جنرل نالج / جنرل سائنس | 100 | | |
| 5 | معاشرتی علوم / تاریخ و جغرافیہ | 100 | | |
| 6 | اسلامیات | 100 | | |
| 7 | تدریس قرآن مجید | 50 | | |
| ☆8 | کمپیوٹر ایجوکیشن | 100 | | |
| ☆☆9 | اخلاقیات | 150 | | |
| ☆☆☆10 | | | | |
| مجموعی نتیجہ | | | | |

دستخط ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس ____________________

بچے قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں، ان کے روشن مستقبل کے لیے انھیں زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

☆ اخلاقیات کے پرچہ کے حاصل کردہ نمبر کو 1.5 سے ضرب دی جائے گی اس طرح اس کا ٹوٹل weightage کل نمبر 150 میں سے دیا جائے گا۔

# کنٹرول روم

## Paper Generation SBA 2024

حکومت پنجاب کے منظور شدہ اسیسمنٹ پالیسی فریم ورک کے تحت جماعت اول تا ہشتم کے لیے سکول بیسڈ اسیسمنٹ کا انعقاد ایک لازمی امر ہے۔ پنجاب ایگزامینیشن کمیشن اِس سلسلہ میں پنجاب کے سرکاری تعلیمی اداروں کے لیے معیاری آن لائن آئٹم بنک کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔ ہر سال کی طرح اِس سال بھی پنجاب ایگزامینیشن کمیشن نے سکول بیسڈ اسیسمنٹ کے بروقت اور کامیاب انعقاد کے لیے ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے۔ اِس ضمن میں پیپر جنریشن یا اِس سے متعلق کسی بھی مسئلہ / مشکل کے فوری ازالہ کے لیے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کریں۔

| Sr. No. | Name | Designation | Cell No |
|---|---|---|---|
| 1 | Mr. Qammer Sajjad | Deputy Director (IT) | 0322-4543204 |
| 2 | Mr. Muhammad Rafiq | System Network Engineer | 0333-4292580 |
| 3 | Mr. Tahir Naveed | Computer Programmer | 0322-4886010 |
| 4 | Land line No | | 04299260142 Ext 116 |

PUNJAB EXAMINATION COMMISSION

Wahdat Colony Adjacent to Government Pilot
Secondary School for Boys Lahore.
042-99260142,144,146,147,149,150,156
04299262136
www.pec.edu.pk